## سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد، پاکستان کی سیاسی تاریخ کا بدترین سیاہ باب ہے،الطاف حسین
## شہداء کی 17ویں برسی کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔26مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ حق پرست شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور شہداء کی قربانیوں کے نتیجے میں ایم کیوایم اپنی منزل پر ضرور پہنچے گی ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد 26اور 27مئی 1990ء کے شہداء کی 17ویں برسی کے موقع پر حق پرست شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد، پاکستان کی سیاسی تاریخ کا بدترین سیاہ باب ہے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ حیدرآباد کے کارکنان وعوام نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے لیکن یزیدی قوتوں کے آگے سر جھکانا قبول نہیں کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم حق پرست شہداء کی قربانیوں کوکبھی فراموش نہیں کرے گی ، ہمارایقین ہے کہ شہداء کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائے گی اور شہداء کی قربانیوں کے نتیجے میں حق پرستی کی یہ جدوجہد کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی اورایم کیوایم اپنی منزل پر ضرور پہنچے گی۔ جناب الطاف حسین نے سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے بلند درجات اور شہداء کے لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

## قائد تحریک الطاف حسین کے بارے میں بیہودہ اورغلیظ زبان استعمال کرنے پر دنیا کے دیگر ممالک کی طرح
## برطانیہ میں بھی ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں میں شدید غم وغصہ اوراشتعال پھیل گیا
## احتجاجی لائحہ عمل طے کرنے کیلئے کل بروز اتوار لندن میں ایم کیوایم یوکے یونٹ کے کارکنوں کا ہنگامی اجلاس ہوگا
## عمران خان نے جوانتہائی غلیظ اوربیہودہ زبان استعمال کی ہے وہ ناقابل برداشت ہے۔ایم کیوایم یوکے

لندن۔۔۔26مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ یوکے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بارے میں بیہودہ اورغلیظ زبان استعمال کرنے اورمغلظات بکنے کی شدیدالفاظ میں مذمت کی ہے۔آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ عمران خان نے قائد تحریک الطاف حسین کے بارے میں جوغلیظ زبان استعمال کی ہے اور جومغلظات بکی ہیں اس پر دنیا کے دیگر ممالک کی طرح برطانیہ میں بھی ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں میں شدید غم وغصہ اوراشتعال پایا جاتا ہے اورآرگنائزنگ کمیٹی نے کل بروز اتوار لندن میں یوکے یونٹ کے کارکنوں کا ہنگامی اجلاس طلب کرلیا ہے جس میں یوکے یونٹ اپنا احتجاجی لائحہ عمل طے کرے گی۔آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا کہ عمران خان گزشتہ کئی روز سے قائد تحریک الطاف حسین کے خلاف زہرافشانی کررہا ہے اوران کے بارے میں بیہودہ زبان استعمال کررہا ہے جسے ایم کیوایم کے کارکنان وہمدردعوام نے خون کے گھونٹ پیتے ہوئے برداشت کیا لیکن گزشتہ روزعمران خان نے ایم ایم اے کی نام نہاد مجلس مشاورت میں قائد تحریک الطاف حسین کے بارے میں جوانتہائی غلیظ اوربیہودہ زبان استعمال کی ہے وہ ناقابل برداشت ہے اوراس کے خلاف ہرسطح پر بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ عمران خان ایک زانی، بدکردار، عیاش اوراوباش انسان ہے ۔انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان ایک انتہائی بدکردار،متعصب اور مجرمانہ ذہنیت رکھنے والاشخص ہے جس کا انسانیت اورشرافت سے دوردور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم یوکے یونٹ عمران خان کے اصل کرداراوراس کے گھناؤنے جرائم کودنیا کے سامنے بے نقاب کرے گا۔

## عمران خان کو پاگل خانے میں داخل کرکے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں،ایم کیوایم کینیڈا

ٹورنٹو۔۔۔26مئی 2007ء

ایم کیوایم اوورسیزکینیڈا کی سینٹرل کمیٹی کا ایک ہنگامی اجلاس ہفتہ کے روزٹورنٹو میں منعقد ہوا جس میں نام نہاد قومی مجلس مشاورت کانفرنس میں تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خلاف نازیبا زبان استعمال کرنے پرشدید غم وغصہ کا اظہار کیا گیا۔اجلاس میں ایم کیوایم کینیڈا کے نگراں ڈاکٹرسید علی ،قائم مقام سینٹرل آرگنائزرشکیل اختر اور سینٹرل کمیٹی کے دیگراراکین نے شرکت کی ۔اجلاس میں کہا گیا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا کے مختلف ممالک میں مقیم کروڑوں پاکستانیوں کے متفقہ رہنما ہیں اور پاکستان کی تیسری سب سے بڑی منتخب نمائندہ جماعت کے قائد کے خلاف گھٹیا زبان استعمال کرکے عمران خان نے دنیا

بھر میں مقیم کروڑوں پاکستانیوں کی دل آزاری کی ہے۔انہوں نے کہا کہ جوئے ، سٹے،لڑکیوں سے ناجائز تعلقات اور میچ فکسنگ میں ملوث عمران خان نے جناب الطاف حسین کے خلاف گھٹیا زبان استعمال کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ اخلاقی دیوالیہ پن کا شکار ہے۔ دریں اثناء ایم کیوایم کینیڈا کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران نے اپنے مشترکہ بیان میں جناب الطاف حسین کے خلاف عمران خان کے نازیبا ریمارکس کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ کے گندے انڈے سے جنم لینے والے عمران خان کو پاگل خانے میں داخل کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ عمران خان ایک زانی شخص ہے جو کہ دنیا بھر میں ثابت ہو چکا ہے لہٰذا پاکستان کے آئین کے تحت کوئی زانی شخص قومی اسمبلی کا رکن نہیں بن سکتا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ زانی اور جواری عمران خان کی قومی اسمبلی کی رکنیت ختم کی جائے۔

## ڈیرہ غازی خان میں عمران خان کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

## زانی زانی،عمران زانی،عمران خان کی رکنیت معطل کرو،شرم کرو۔شرم کرو،عمران خان شرم کرو کے نعرے

ڈیرہ غازی خان۔۔۔26مئی 2007ء

سندھ کی طرح صوبہ پنجاب میں بھی جناب الطاف حسین کے خلاف ہرزہ سرائی پر شدید عوامی ردعمل سامنے آیا ہے اس سلسلے میں ہفتہ کے روز متحدہ قومی موومنٹ ڈیرہ غازی خان کے زیراہتمام پل ڈاٹ پر ایک احتجاجی مظاہرہ ہوا جس میں تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بارے میں گھٹیا اور بازاری زبان استعمال کرنے پر شدید غم وغصہ کا اظہار کیا گیا اور عمران خان کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی۔اس موقع پر احتجاجی مظاہرے کے شرکاء نے ''زانی زانی،عمران زانی،عمران خان کی رکنیت معطل کرو،شرم کرو۔شرم کرو،عمران خان شرم کرو اور دیگر فلک شگاف نعرے لگائے اور جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت کا اظہار کیا۔احتجاجی مظاہرے سے ایم کیوایم ڈیرہ غازی خان کے ذمہ داران شیخ فضل الرحمان اور شیخ اظہار الحق نے خطاب کرتے ہوئے عمران خان کی جانب سے جناب الطاف حسین کے خلاف گھٹیا زبان استعمال کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں لڑکیوں سے ناجائز تعلقات قائم کرنے والے اور ناجائز بچوں کے باپ کو جناب الطاف حسین جیسے پاک دامن رہنماء کے خلاف زبان استعمال کرتے ہوئے شرم کرنی چاہیئے۔انہوں نے کہا کہ عمران خان نے جناب الطاف حسین کے خلاف بازاری زبان استعمال کر کے نہ صرف جناب الطاف حسین کے چاہنے والے کروڑوں پاکستانیوں کی دل آزاری کی ہے بلکہ اپنی اوقات بھی واضح کر دی ہے۔انہوں نے کہا کہ جس جماعت کو عوام کی حمایت حاصل نہیں ہے اس تانگہ پارٹی کے سربراہ عمران خان کو کروڑوں عوام کے دلوں کی دھڑکن جناب الطاف حسین کے خلاف بکواس کرنے سے قبل اپنی اوقات یاد رکھنی چاہیئے۔

## قائد تحریک الطاف حسین کے بارے میں عمران خان کی جانب سے بیہودہ اور غلیظ زبان استعمال کرنے کے خلاف

## ایم کیوایم آزاد کشمیر کے زیراہتمام اسلام آباد پریس کلب کے سامنے زبردست احتجاجی مظاہرہ

## الطاف حسین کی ذات پر تنقید کرنے سے پہلے عمران خان اپنے گھناؤنے کردار کا جائزہ لے۔طاہر کھوکھر

اسلام آباد۔۔۔26مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے بارے میں عمران خان کی جانب سے بیہودہ اور غلیظ زبان استعمال کرنے اور مغلظات بکنے کے خلاف آج ایم کیوایم آزاد جموں وکشمیر کے زیراہتمام اسلام آباد پریس کلب کے سامنے زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔مظاہرے میں ایم کیوایم آزاد کشمیر کے سینکڑوں کارکنوں نے شرکت کی۔مظاہرے کی قیادت ایم کیوایم آزاد کشمیر کے آرگنائزر اور آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر نے کی۔مظاہرے میں شریک کارکنان نے اپنے ہاتھوں میں مختلف بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں اور عمران خان کے خلاف نعرے اور کلمات درج تھے۔مظاہرین نے ''عمران خان،مردہ باد''،''عمران خان یہودیوں کا ایجنٹ'' ،''الطاف حسین زندہ باد اور دیگر پرجوش نعرے لگائے۔اس موقع پر مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے طاہر کھوکھر نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ذات پر تنقید کرنے سے پہلے عمران خان اپنے گریبان میں جھانکے اور اپنے گھناؤنے کردار کا جائزہ لے۔انہوں نے کہا کہ عمران خان کے بارے میں سب جانتے ہیں کہ اس نے شوکت خانم میموریل کینسر اسپتال کے نام پر ملک اور بیرون ملک قوم کے کروڑوں ڈالر بٹورے،بدکرداری کی۔اس کا پورا دامن جرائم سے داغدار ہے۔طاہر کھوکھر نے کہا کہ اپوزیشن کے تمام تر ہتھکنڈوں میں ناکامی کے بعد اب عمران خان نے زہریلے پروپیگنڈے کرنا شروع کر دیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عمران خان نے قائد تحریک الطاف حسین کے بارے میں جو غلیظ زبان استعمال کی ہے اس سے پاکستان اور آزاد کشمیر بھر میں حق پرست عوام میں شدید غصہ پایا جاتا ہے اور عوام ہر جگہ عمران

خان کا محاسبہ کریں گے۔

## عمران خان کی جانب سے مغلظات بکنے کے خلاف سندھ کے تقریباً تمام شہروں میں زبردست احتجاجی مظاہرے
## ایم کیوایم کے کارکنوں، عہدیداروں اور منتخب حق پرست نمائندوں سمیت ہزاروں افراد کی شرکت
## عمران خان کے پتلے جلائے۔مظاہروں سے ایم کیوایم کے منتخب نمائندوں اور عہدیداروں کا خطاب

حیدرآباد۔۔۔26 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے بارے میں عمران خان کی جانب سے مغلظات بکنے کے خلاف آج سندھ کے تقریباً تمام شہروں میں زبردست احتجاجی مظاہرے کئے گئے۔ان احتجاجی مظاہروں میں ایم کیوایم کے عہدیداروں اور منتخب حق پرست نمائندوں سمیت ہزاروں کارکنوں اور ہمدردوں نے شرکت کی جن میں نوجوانوں کے علاوہ خواتین، بزرگ اور بچے بھی شامل تھے جنہوں نے عمران خان کے خلاف شدید احتجاج کیا اور عمران خان کے پتلے جلائے۔

### حیدرآباد

حیدرآباد میں احتجاجی مظاہرہ پریس کلب پر کیا گیا جس میں حق پرست نمائندوں، ہزاروں کارکنوں، ہمدردوں نے شرکت کی۔مظاہرے کی قیادت ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج سراج راجپوت نے کی۔مظاہرین نے گدھوں پر عمران خان کا نام لکھا اور عمران خان کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں مختلف پلے کارڈ زاٹھار کھے تھے جن پر عمران خان کے خلاف نعرے اور کلمات درج تھے۔ مظاہرین نے عمران خان کے پتلے بھی جلائے۔مظاہرے سے ایم کیوایم حیدرآباد کے زونل انچارج سراج راجپوت، ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن محترمہ فرزانہ ظفر اور حق پرست ارکان اسمبلی نے بھی خطاب کیا۔

### قمبر شہدادکوٹ

قمبر شہدادکوٹ میں احتجاجی مظاہرہ شہر میں پریس کلب پر کیا گیا جس میں سینکڑوں کارکنوں نے شرکت کی۔مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں مختلف پلے کارڈ زاٹھار کھے تھے جن پر عمران خان کے خلاف نعرے اور کلمات درج تھے۔ مظاہرین نے قائد تحریک الطاف حسین کے بارے میں بیہودہ الفاظ استعمال کرنے پر شدید احتجاج کیا۔مظاہرے سے ایم کیوایم قمبر شہدادکوٹ کے زونل انچارج عبدالخالق چانڈیو، وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی مرتضٰی میمن اور اراکین زونل کمیٹی نے خطاب کیا۔

### بدین

ایم کیوایم بدین زون کے زیراہتمام ماتلی میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں ایم کیوایم کے سینکڑوں کارکنوں اور ہمدردوں نے شرکت کی۔مظاہرین نے عمران خان کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ عمران خان کی بیہودگی کا نوٹس لیا جائے۔احتجاجی مظاہرے سے ایم کیوایم بدین زون کے زونل انچارج اور زونل کمیٹی کے ارکان نے خطاب کیا۔مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں مختلف پلے کارڈ زاٹھار کھے تھے جن پر عمران خان کے خلاف نعرے اور کلمات درج تھے۔

### جیکب آباد

عمران خان کی جانب سے قائد تحریک الطاف حسین کو مغلظات بکنے کے خلاف سندھ کے دیگر شہروں کی طرح جیکب آباد میں بھی پریس کلب پر زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں ایم کیوایم کے سینکڑوں کارکنوں نے شرکت کی اور عمران خان کے بیہودہ کلمات کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کرایا۔مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں مختلف پلے کارڈ زاٹھار کھے تھے جن پر عمران خان کے خلاف نعرے اور کلمات درج تھے۔مظاہرین سے ایم کیوایم جیکب آباد کے زونل انچارج ندیم بروہی، اراکین زونل کمیٹی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی شنکر لال نے بھی خطاب کیا۔

### دادو

دادو میں بھی پریس کلب پر ایم کیوایم دادو زون کے زیراہتمام زبردست احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں ایم کیوایم کے سینکڑوں کارکنوں اور ذمہ داروں نے شرکت کی۔مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں مختلف پلے کارڈ زاٹھار کھے تھے جن پر عمران خان کے خلاف نعرے اور کلمات درج تھے۔مظاہرے کے شرکاء نے عمران خان کے خلاف شدید نعرے بازی کی ۔مظاہرے سے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن لونگ خان چنہ، وزیراعلیٰ کے مشیر ڈاکٹر نصرت، ایم کیوایم دادو کے زونل انچارج مرتضٰی سومرو نے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ عمران خان نے قائد تحریک الطاف حسین کے خلاف زہرافشانی کر کے نہ صرف اپنی گھٹیا ذہنیت کا مظاہرہ کیا ہے بلکہ ان کروڑوں عوام کے مینڈیٹ کی توہین کی ہے

جو جناب الطاف حسین کو اپنا قائد سمجھتے ہیں۔

**ٹھٹھہ**

سندھ کے دیگر شہروں کی طرح ٹھٹھہ پریس کلب پر بھی ایم کیوایم کے زیراہتمام ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں مختلف پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر عمران خان کے خلاف نعرے اور کلمات درج تھے۔مظاہرین نے جناب الطاف حسین کے خلاف غلیظ زبان استعمال کرنے کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔مظاہرے سے ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے زونل انچارج عزیز سومرو اور اراکین زونل کمیٹی نے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ عمران خان نے قائد تحریک الطاف حسین کو مغلظات دے کر اپنی اصلیت ظاہر کی ہے اور عوام اسے کبھی معاف نہیں کریں گے۔

**شکارپور**

عمران خان کے بیہودہ اور غلیظ کلمات کے خلاف شکارپور میں بھی ایم کیوایم کے زیراہتمام ایک احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس میں نوجوان اور بزرگ کارکنوں کی بڑی تعدا نے شرکت کی۔مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں مختلف پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر عمران خان کے خلاف نعرے اور کلمات درج تھے۔مظاہرین عمران خان کے خلاف مسلسل نعرے لگا رہے تھے اور عمران خان کی بیہودگی کے خلاف اپنا شدید احتجاج ریکارڈ کرایا۔مظاہرے سے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن اور قومی اسمبلی کے رکن نثار پہنور اور ایم کیوایم شکارپور کے زونل انچارج آغا محسن نے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ عمران خان سندھ دھرتی کا دشمن ہے اور اس کے نفرت بھرے جملے سندھ سے اس کی نفرت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔واضح رہے کہ عمران خان کی جانب سے غلیظ زبان استعمال کرنے کے خلاف گزشتہ روز بھی حیدرآباد،ٹنڈوآدم،نوشہروفیروز،ٹنڈوالہ یار،سانگھڑ،میرپورخاص، نوابشاہ،سکھر،خیرپور اور گھوٹکی میں بھی شدید احتجاجی مظاہرے کئے گئے تھے۔

## شیخ لیاقت حسین خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں سیڑھیوں سے گر کر زخمی ہوگئے

## الطاف حسین کی جانب سے دعائے صحت کی اپیل

کراچی۔۔۔26 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر شیخ لیاقت حسین گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں سیڑھیوں سے گر کر زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق شیخ لیاقت حسین رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کے بعد خورشید بیگم میموریل ہال سے نکلتے ہوئے سیڑھیوں سے گر گئے جس کی وجہ سے انہیں کافی چوٹیں آئیں۔شیخ لیاقت حسین کو فوری طور پر نذیر حسین اسپتال لے جایا گیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی گئی۔جس کے بعد انہیں گھر منتقل کردیا گیا۔واضح رہے کہ گزشتہ سال شیخ لیاقت حسین کے دل کے تین مرتبہ آپریشن ہوئے اور انہیں پیس میکر بھی لگایا گیا۔سیڑھیوں سے گرنے کی وجہ سے شیخ لیاقت حسین کے جسم پر شدید زخم آئے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے شیخ لیاقت حسین کے زخمی ہونے پر شدید افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ شیخ لیاقت حسین کو صحت وتندرستی اور درازی عمر عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے کارکنان وعوام سے ابھی اپیل کی کہ وہ شیخ لیاقت حسین کی صحتیابی اور درازی عمر کیلئے دعا کریں۔

## حدوداللہ کی بات کرنے والے عمران خان کے ثابت شدہ زنا پر کیوں خاموش ہیں؟سلیم شہزاد

لندن۔۔۔26مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے رہنما صرف اس لئے تلملائے ہوئے بیانات جاری کررہے ہیں کیونکہ تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماء سے گورنر سندھ نے صوبہ کے امن کیلئے ملاقاتیں کیں لیکن قاضی حسین احمد کو کسی نے گھانس نہیں ڈالی۔اس بات سے جماعت اسلامی کے رہنماؤں کو بہت تکلیف ہوئی ہے۔سلیم شہزاد نے کہا کہ جماعت اسلامی شریعت کے نفاذ اور اسلامی نظام کے نعرے لگاتی ہے لیکن جماعت اسلامی کے رہنما قوم کو بتائیں کہ انہوں نے ایک مستند اور ثابت شدہ زانی عمران خان کو اپنے ساتھ کون سے شرعی احکامات کے تحت بٹھا رکھا ہے؟انہوں نے کہا کہ عمران خان نے سیتا وائٹ کے ساتھ زنا کیا جس سے ایک بچی پیدا ہوئی اور تمام سائنسی ٹیسٹ اور تحقیقات سے امریکی عدالت میں ثابت ہوگیا کہ یہ بچی عمران خان کی ہے۔سلیم شہزاد نے کہا کہ حدوداللہ اور شریعت کی بات کرنے والے جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے ایسے مستند زانی کو اپنی بغل میں کیوں بٹھا رکھا ہے؟ کیا جماعت اسلامی کی نظر میں شریعت کا حکم یہی ہے کہ زنا کرنے والے کو اپنے سرآنکھوں پر بٹھاؤ؟سلیم شہزاد نے کہا

کہ حدوداللہ کی بات کرنے والے عمران خان کے ثابت شدہ زنا پر کیوں خاموش ہیں؟

## جماعت اسلامی سیاسی یتیمی کا بری طرح شکار ہو چکی ہے، ارکان قومی اسمبلی

## جماعت اسلامی کو نیچے سے اوپر تک صرف اس لئے آگ لگی ہوئی ہے کہ کراچی میں امن وامان کیوں بحال ہو گیا

## پیپلز پارٹی کو ملک دشمن، اسلام دشمن اور امریکہ کی یار قرار دینے والے قاضی حسین احمد آج پیپلز پارٹی کے پیر کیوں پکڑ رہے ہیں؟

کراچی۔۔۔26، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے متحدہ مجلس عمل کا نقاب اوڑھ کر بیانات جاری کرنے والے جماعت اسلامی کے لیڈروں کے بیانات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان لیڈروں میں اب اتنی بھی اخلاقی جرات نہیں رہی ہے کہ یہ اپنی جماعت کے نام سے بیانات جاری کریں۔ ایسا لگتا ہے کہ جماعت اسلامی پورے ملک میں اپنے گھناؤنے کرتوتوں کی وجہ سے جس بری طرح بدنام ہوئی ہے اس کے نتیجہ میں بدنامی کے خوف سے اس جماعت کے لیڈر اپنی جماعت کے نام سے بیان جاری کرنے سے گھبرارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے لیڈروں کو نیچے سے اوپر تک صرف اس لئے آگ لگی ہوئی ہے کہ کراچی میں امن وامان کیوں بحال ہو گیا اور سندھ اور کراچی کے عوام جماعت اسلامی کی تمام تر گھناؤنی فسادی سازشوں کے باوجود سکون واطمینان اور آپس میں بھائی چارے کے ساتھ کیوں رہ رہے ہیں؟ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان خصوصاً سندھ کے عوام جماعت اسلامی کے گھناؤنے کردار سے اچھی طرح واقف ہو چکے ہیں اسی لئے آج جماعت اسلامی سیاسی یتیمی کا اس بری طرح شکار ہو چکی ہے کہ قاضی حسین احمد صبح شام پیپلز پارٹی کی منتیں کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے لیڈر قوم کو جواب دیں کہ کل تک جماعت اسلامی والے پیپلز پارٹی کو ملک دشمن، اسلام دشمن اور امریکہ کی یار قرار دیتی تھی، ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی پر جماعت اسلامی نے مٹھائیاں تقسیم کی تھیں آج قاضی حسین احمد اسی پیپلز پارٹی کے پیر کیوں پکڑ رہے ہیں؟ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے لیڈروں کو چاہئے کہ وہ پیپلز پارٹی کے آگے گڑگڑانے کے بجائے اپنے گھناؤنے کرتوتوں پر قوم سے معافی مانگیں شائد اس طرح ان کی سیاسی یتیمی کا کوئی حل نکل آئے۔

## صوبہ سرحد میں متحدہ مجلس عمل کی حکومت ختم کی جائے، ارکان صوبائی اسمبلی

## صوبہ سرحد میں مرنے والے پختونوں پر جماعت اسلامی کے رہنماؤں کو تکلیف کیوں نہیں ہوتی؟

کراچی۔۔۔26، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے کہا ہے کہ صوبہ سرحد میں قیام امن کیلئے صوبہ سرحد میں متحدہ مجلس عمل کی حکومت ختم کی جائے اور خودکش حملہ آوروں کی معاونت کرنے پر قاضی حسین احمد کے خلاف دہشت گردی کا مقدمہ قائم کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں تو صرف 12، مئی کا واقعہ ہوا ہے جو جماعت اسلامی اور دیگر جماعتوں نے سازش کے تحت کروایا لیکن صوبہ سرحد میں تو روز بم دھماکے، خودکش حملے، راکٹ لانچروں کے حملے اور جدید ہتھیاروں سے خونریزی کے واقعات ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی آکر پختونوں کیلئے مگرمچھ کے آنسو بہانے والے جماعت اسلامی کے رہنماء قوم کو بتائیں کہ صوبہ سرحد میں پختونوں کا خون کون بہارہا ہے اور وہاں مرنے والے پختونوں پر جماعت اسلامی کے رہنماؤں کو تکلیف کیوں نہیں ہوتی؟ صوبہ سرحد میں پختونوں کے آئے دن مرنے پر جماعت اسلامی کے رہنماء جلسے، جلوس اور ہڑتالیں کیوں نہیں کرتے؟ حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے رہنماؤں کو عوام سے کبھی کوئی واسطہ نہیں انہیں صرف عوام کی لاشوں پر سیاست چمکانے سے غرض ہے۔

☆☆☆☆☆